# اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ **بابا فرید شوگر ملز لمیٹڈ** کے حصص داران کا 45واں سالانہ اجلاس عام، بروز ہفتہ 27 جنوری 2024ء بوقت 15:00 بجے رجسٹر دفتر، 1-D-2، گلبرگ III، لاہور میں اور الیکٹرونیکلی وڈیو لنک / زوم ایپلی کیشن کے ذریعے درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

### عمومی امور

1۔ 27 جنوری 2023ء کو منعقدہ بابا فرید شوگر ملز لمیٹڈ کے 44واں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا، جیسا کہ PSX کو جمع کرائی گئی۔

2۔ 30 ستمبر 2023ء کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے کمپنی کے سالانہ نظرثانی شدہ مالی گوشوارے معہ ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظور کرنا۔

3۔ اگلے مالی سال 30 ستمبر 2024ء کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے صلہء خدمت کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، لاہور ریٹائر ہوگئے ہیں اور اہل ہونے کی بناء پر کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری کیلئے خود کو پیش کرتے ہیں۔

### خصوصی امور:

5۔ غور وخوض اور کاروبار کے عام معمول میں متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کی منظوری دینا اور اگر مناسب خیال کیا گیا تو درج ذیل قرارداد کو معہ یا بلا ترمیم بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا۔

a۔ قرار پایا کہ 30 ستمبر 2023 کو ختم ہونے والی مدت کے لئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کاروبار کے عام معمول میں لین دین کمپنی کی طرف سے کیا گیا اور بذریعہ ہذا توثیق، منظور اور تصدیق کی جاتی ہے۔

| نام | لین دین کی نوعیت | رقم (پاکستانی روپے) |
|---|---|---|
| نوبہار بوٹلنگ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ | شوگر کی فروخت | 324,000,000 |
| | اداشدہ\موصول\ایڈجسٹمنٹ (خالص) | 324,000,000 |
| تھل انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ | سٹور اشیاء کی فروخت | 7,371,000 |
| | خریداری-سٹور اشیاء | 2,451,200 |
| | اداشدہ\موصول\ایڈجسٹمنٹ (خالص) | 4,919,800 |
| المعز انڈسٹریز لمیٹڈ | اسکریپ کی فروخت | 35,989,446 |
| | اداشدہ\موصول\ایڈجسٹمنٹ (خالص) | 1,659,242 |
| | خریداری-سٹور اشیاء | 34,129,377 |
| | خریداری-دیگر اشیاء | 200,827 |

b۔ مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یا ان کا نامزد کردہ بذریعہ ہذا کمپنی کے اگلے سالانہ اجلاس عام تک متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کاروبار کے عام معمول میں کئے جانے والے تمام لین دین کو

منظور کرنے کے بااختیار ہیں اور اس سلسلے میں کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یا ان کا نامزد کردہ بذریعہ ہذا کمپنی کی جانب سے کوئی اور تمام ضروری عوامل کرنے اور کوئی اور تمام ایسے دستاویزات جو بھی اس بابت درکار ہوں دستخط کرنے کے مجاز ہیں۔

5۔ غور وخوض اور اگر مناسب سمجھا گیا تو، SECP کی طرف سے S.R.O No. 389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے دی گئی اجازت کے مطابق کمپنی کے تمام شیئر ہولڈرز کو کمپنی کی سالانہ رپورٹس QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کے بارے میں مندرجہ ذیل قرارداد کو، معہ یا بلا ترمیم عام قرارداد کے طور پر منظور کرنا۔

(a) " قرار پایا کہ ٹرانسمیشن کی سالانہ بیلنس شیٹ اور منافع ونقصان کے کھاتے، آڈیٹر کی رپورٹ، ڈائریکٹر کی رپورٹ اور چیئرمین کا جائزہ وغیرہ (کمپنی کے سالانہ نظرثانی شدہ کھاتے / سالانہ

رپورٹ، بہمراہ کوئی اور تمام دیگر مجوزہ/ نوٹیفائیڈ/ اور مطلوبہ رپورٹس/ معلومات/ نوٹس وغیرہ)، کمپنی کے تمام شیئر ہولڈرز کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل/منتقلی کی جائے اور بذریعہ ہذا منظوری دی جاتی ہے اور کسی بھی یا تمام مذکورہ معلومات/ دستاویزات کی شیئر ہولڈرز کو CD / DVD / USB وغیرہ کے ذریعے ترسیل/منتقلی کے طریقہ کار کو بند کیا جائے اور بذریعہ ہذا اس کی منظوری دی جاتی ہے۔

(b) "مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹیو یا اس کے نامزد کردہ کو بذریعہ ہذا تمام قانونی، ریگولیٹری، تجویز کردہ اور مطلع شدہ رسمی کارروائیوں اور تقاضوں کو مکمل کرنے اور بذریعہ ہذا مذکورہ قرارداد کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اور کسی بھی اور تمام کاموں، اعمال، معاملات اور چیزوں کو انجام دینے یا کروانے جو کہ مذکورہ بالا مقاصد اور ارادوں کے لیے ضروری واقعاتی، ذیلی اور مصلحتاً ہو اس کی توثیق کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔

6۔ صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امر پر کارروائی کرنا۔

بحکم بورڈ

محمد عمران
کمپنی سیکرٹری

لاہور،
26 دسمبر 2023ء

## نوٹس:

### 1۔ حصص منتقلی کتابوں کی بندش:

کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 20 جنوری 2024ء تا 27 جنوری 2024ء (بشمول دونوں تاریخیں) بند رہیں گی۔ مدت بندش کے دوران حصص کی کوئی منتقلی قابل قبول نہ ہوگی۔ تاہم، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K - 1، کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور فون نمبر: 19 67 591 3 - 042 0، ای میل ایڈریس: corplink786@gmail.com میں 19 جنوری 2024ء کو کاروبار کے اختتام تک موصولہ منتقلیاں نقد منافع منقسمہ (اگر کوئی ہو) کی ادائیگی کے استحقاق کے لئے بروقت تصور ہوں گی۔

### 2۔ پراکسی کی تقرری:

AGM میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل رکن اپنی بجائے شرکت اور ووٹ دینے کے لئے کسی دیگر رکن کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی تقرری کے آلات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں AGM کے لئے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً وصول ہو جانے چاہئیں۔

### 3۔ AGM کے لئے آن لائن انتظامات

SECP اور دیگر سرکاری محکموں/ اداروں کی وقتاً فوقتاً جاری کردہ ہدایات/ گائیڈ لائنز کے پیش نظر، مندرجہ کمپنیوں پر لازم ہے کہ وہ عام اجلاسوں میں مادی شراکت کے ساتھ ساتھ آن لائن شراکت کے انتظامات کریں۔ اس کے مطابق، کمپنی نے اجلاس عام کے کورم اور دیگر لیگل/ ریگولیٹری ضروریات کی تعمیل کو بھی یقینی بناتے ہوئے تمام انتظامات کئے ہیں۔ کمپنی کے حصص داران کی AGM میں وڈیو لنک/ زوم ایپلی کیشن کے ذریعے اور پراکسیز کے ذریعے اپنی شرکت کو مستحکم کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

(a)۔AGM میں آن لائن شرکت مثلاً زوم ایپلی کیشن: حصص داران AGM میں الیکٹرونیکلی شرکت کے لئے حصص داران کی تصدیق اور شناخت کے لئے ضروری تمام فارمیلٹیز مکمل کرنے کے بعد اپنے سہولت کے مقامات سے اپنے ذاتی سمارٹ فونز/ کمپیوٹرز کے ذریعے AGM کی کارروائی میں لاگ اِن اور شرکت کر سکتے ہیں، لاگ ان سہولت AGM کے آغاز سے تقریباً آدھا گھنٹہ قبل کھولی جائے گی۔

(b)۔BFSML کے حصص داران، جو وڈیو لنک کے ذریعے AGM میں الیکٹرونیکلی شرکت کے خواہشمند ہیں سے درخواست ہے کہ 26-01-2024 کو کاروباری اوقات کے اختتام (05:00 p.m) تک یا قبل info@bfsml.com پر ای میل بھیج کر اپنے درج ذیل کوائف رجسٹر کروائیں۔

| فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | ملکیتی حصص کی تعداد | حصص دار کا نام | والد/ خاوند کا نام | CNIC نمبر | موبائل فون نمبر معہ وٹس ایپ | فعال ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

ویڈیو لنک اور/ یا لاگ اِن کریڈنشلز ان حصص داران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میل، جس میں تمام درخواست کی گئی تفصیلات شامل ہوں، مندرجہ بالا تاریخ / وقت تک یا اس سے قبل دیئے گئے ای میل ایڈریس پر وصول ہو جائیں گی۔AGM میں آن لائن شرکت کا طریقہ کار/ تقاضوں سے متعلق کسی بھی استفسار کے لئے، ممبرز براہِ کرم کاروباری اوقات کے دوران مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر یا 35771066-71 42 92+ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

(c) آن لائن تبصرے/تجاویز جمع کروانا:

حصص یافتگان کی یہ بھی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ AGM کے مجوزہ ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنے تبصرے/تجاویز تحریری طور پر info@bfsml.com پر ای میل کے ذریعے 26-01-2024 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک بھیجیں۔

### 4۔ AGM میں شرکاء کی تصدیق اور شناخت:

ہر آن لائن شرکت کنندہ AGM میں تصدیق اور شناخت کے مقاصد کے لیے اپنے کمپیوٹر ڈیوائس/موبائل وغیرہ کے صاف کیمرے کو فعال کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

(a) اجلاس میں شرکت کے لیے (i) واحد فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، اپنی شناخت کی تصدیق آن لائن AGM میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک/ زوم ایپلیکیشن میں لاگ ان کے وقت اپنے اصل CNIC / پاسپورٹ معہ پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر کی آن لائن اسکین/تصویر جمع کروا کر کریں گے۔ (ii) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، ویڈیو لنک/ زوم ایپلیکیشن میں لاگ ان کے وقت آن لائن AGM میں شرکت کے لیے بورڈ کی قرارداد کی اسکین/تصویر/ پاور آف اٹارنی نامزد شخص کے نمونے کے دستخط کے ساتھ آن لائن جمع کرایا جائے گا (جب تک یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

(b) پراکسیز کی تقرری کے لیے (i) واحد فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، مندرجہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم کی اسکین/تصویر جمع کرائیں گے۔ (ii) پراکسی فارم (i) -/50 روپے کے رسیدی ٹکٹ چسپاں کے ساتھ صحیح طور پر مہر شدہ ہوگا اور (ii) دو افراد کی گواہی ہوگی، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر پراکسی فارم پر درج ہوں گے۔ (iii) پراکسی فارم کے ہمراہ بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پیش کی جائیں گی۔ (iv) پراکسی آن لائن AGM میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک/ زوم ایپلیکیشن پر لاگ ان کے وقت اپنے اصل CNIC یا پاسپورٹ کی اسکین/تصویر جمع کرائے گا۔ (v) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو آن لائن AGM میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک/ زوم ایپلی کیشن میں لاگ ان کے وقت بورڈ کی قرارداد کی اسکین/تصویر/ پاور آف اٹارنی اس پر نمونہ کے دستخط کے ساتھ آن لائن جمع کرائے جائیں گے (جب تک یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

### 5۔ شیئر ہولڈرز کی طرف سے خط و کتابت:

حصص یافتگان کو کسی بھی مقصد، بشمول لیکن محدود نہیں AGM میں آن لائن شرکت، AGM میں مجوزہ ایجنڈا آئٹمز پر تبصرے اور تجاویز/ حصص کی منتقلی اور ترسیل، اور CNIC / NICOP / پاسپورٹ # IBAN / خط و کتابت کا پتہ/ ای میل پتہ/ موبائل فون # وغیرہ میں تبدیلیاں/ اپ ڈیٹس کے لیے کمپنی اور/ یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ساتھ تمام خط و کتابت میں اپنے متعلقہ فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبرز کا حوالہ دے کر اپنی شناخت ثابت کرنی چاہیے۔

### 6۔ وڈیو کانفرنس سہولت

اگر کمپنی کو جغرافیائی محل وقوع پر سکونتی مجموعی 10% یا زیادہ شیئر ہولڈنگ کے مالک ممبران سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کیلئے رضامندی AGM کی تاریخ سے کم از کم 7 یوم قبل وصول ہوئی تو، کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کے حوالہ سے شہر میں وڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی۔

بابت ہذا میں، درج ذیل کو پُر اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر AGM کی تاریخ سے کم از کم سات یوم قبل جمع کرائیں۔

میں/ہم..................................ساکن..................................بحیثیت رکن بابا فرید شوگر ملز لمیٹڈ، مالک.................................. عام حصص بمطابق رجسٹرڈ فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ نمبر..................................بذریعہ ہذا..................................میں وڈیو کانفرنس سہولت کا خواہشمند ہوں۔

### 7۔ نوٹس اور پراکسی فارمز اور مالی گوشواروں کی کمپنی کی ویب سائٹ پر پلیسمنٹ:

کمپنی نے 30 ستمبر کو ختم ہونے والے گزشتہ مالی سال کے نظر ثانی شدہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ ساتھ آڈیٹر اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس اور AGM کا نوٹس معہ پراکسی فارم انگریزی اور اردو زبانوں میں کمپنی کی ویب سائٹ: www.bsfml.com اور PSX کی PUCARS ویب سائٹ پر رکھ دیئے ہیں۔

### 8۔نظرثانی شدہ مالیاتی گوشواروں اور عام اجلاسوں کے نوٹس کی ترسیل؛

کمپنی کے نظرثانی شدہ مالیاتی گوشواروں کو AGM کے پرنٹ شدہ نوٹس پر QR فعال کوڈ اور Weblink کی پرنٹنگ کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو بھیجا جا رہا ہے جو ڈاک/کوریئر کے ذریعے تمام شیئر ہولڈرز کو بھیجا جا رہا ہے۔ کمپنی کے کسی بھی یا تمام دستاویزات اور معلومات کی سافٹ کاپیاں بشمول نظرثانی شدہ مالیاتی گوشوارے اور اجلاس عام کے نوٹس بھی الیکٹرانک طور پر ای میلز کے ذریعے ان شیئر ہولڈرز کو بھیجے جا رہے ہیں جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے ہاں دستیاب ہیں، تاہم، کمپنی نظرثانی شدہ مالی گوشوارے اور عام اجلاسوں کے نوٹس کی ہارڈ کاپیاں اپنے شیئر ہولڈرز کو، ان کی تحریری درخواست پر، ایسی درخواست کی وصولی کے سات دنوں کے اندر، مفت فراہم کرے گی۔

### 9۔خصوصی امور پر ووٹنگ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ترمیم شدہ، کے مطابق، کمپنی کے حقدار شیئر ہولڈرز کو AGM کے نوٹس کے خصوصی امور پر الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے اور ڈاک کے ذریعے ووٹنگ، اس طریقے سے اور مذکورہ ضوابط میں موجود شرائط کے تابع ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے؛

**(a) الیکٹرانک ووٹنگ کا طریقہ کار:** میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ/ کمپنی کے شیئر رجسٹرار/ کمپنی کے لیے ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کو AGM میں سرانجام دیئے جانے والے خصوصی امور کے لیے کمپنی کا ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ مقرر کیا گیا ہے۔ (i) الیکٹرانک ووٹنگ کی تفصیلات (بشمول ویب سائٹ ایڈریس، لاگ ان اور پاس ورڈ) کمپنی کے حقدار شیئر ہولڈرز کو ان کے ای میل پتوں کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جو کہ کمپنی کے ہاں دستیاب ہے، جبکہ سیکیورٹی کوڈ ز شیئر ہولڈرز کو کارپ لنک کے ویب پورٹل سے کمپنی کے ہاں دستیاب ان کے موبائل فون نمبرز پر SMS کے ذریعے بتائے جائیں گے۔؛ (ii) شیئر ہولڈرز کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخطوں/ لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔ (iii) ای ووٹنگ لائنیں 22 جنوری 2024 کو 9:00 بجے کھلیں گی اور 26 جنوری 2024 کو 17:00 بجے بند ہوں گی۔ اس مدت کے دوران ووٹ ڈالے جانے کے بعد کسی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

**(b) ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار:** شیئر ہولڈرز بیلٹ پیپر کو مکمل اور دستخط کر کے اور اسے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی مؤثر اور صاف کاپی کے ساتھ یا تو اسکین اور ای میل کے ذریعے یا کوریئر/ ڈاک کے ذریعے 24 جنوری 2024 تک بیلٹ پیپر پر درج پتہ پر بھیج سکتے ہیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونا چاہیے۔

### 10۔فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق تمام موجودہ کمپنیوں کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے آغاز کی تاریخ سے چار سال کی مدت کے اندرون اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرانا ضروری ہے۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) اپنے سرکلر نمبر CSD/ED/Misc. / 2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے مندرجہ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ممبران جو ابھی بھی فزیکل شکل میں حصص رکھتے ہیں کو ان کے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کراوئیں۔

ہم نے BFSML کے ایسے تمام ممبران جو فزیکل فارم میں شیئرز رکھتے ہیں سے درخواست کی ہے اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ انہیں یہ بھی تجویز کی جاتی ہے کہ وہ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کسی بھی فعال ممبر/ اسٹاک بروکر سے رابطہ کر کے سی ڈی سی میں اکاؤنٹ کھولیں تا کہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کیا جا سکے۔

شیئر ہولڈرز بک انٹری فارم میں فزیکل شیئرز کی تبدیلی کے عمل اور بک انٹری شیئرز رکھنے کے فوائد کو سمجھنے کے لئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار (میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### 11۔ڈیویڈینڈ کی الیکٹرونیکلی ادائیگی

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 242 کے مطابق کوئی قابل ادا نقد منافع منقسمہ صرف الیکٹرونک طریقہ سے براہِ راست اہل حصص داران کے منسوب بینک اکاؤنٹ میں ادا کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ کمپنیز (ڈیویڈینڈ کی تقسیم) ریگولیشنز، 2017ء کے رول 3 میں کہا گیا ہے کہ کمپنی کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی ڈیکلیریشن کی تاریخ سے پندرہ یوم کار کی مدت کے اندر کر دینی چاہیئے۔ لہٰذا، کمپنی کے رجسٹرڈ ارکان سے التماس ہے کہ ان کا نقد منافع منقسمہ، اگر اعلان ہوا، ان کے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) میں براہِ راست جمع کرانے کے لئے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بینک اکاؤنٹ تفصیلات فراہم کریں:

### 12۔ڈیویڈینڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی ڈیڈکشن

سرکلر نمبر 19/2014 مورخہ 24 اکتوبر 2014 کی پیروی میں، SECP نے تمام کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ حصص داران کو مطلع کریں کہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 کے تحت ڈیویڈینڈ ادائیگی سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح حسبِ ذیل کے مطابق ریوائز کی گئی ہے: انکم ٹیکس ریٹرن کے فائلرز کے لئے یہ شرح بالترتیب 15.00% اور انکم ٹیکس ریٹرن کے نان فائلرز کے لئے 30.00% ہے۔

لہٰذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ایف بی آر کی ویب سائٹ www.fbr.gov.pk پر دستیاب ایکٹو ٹیکس پیئر فہرست (ATL) سے اپنا سٹیٹس چیک کریں اور یقینی بنائیں اور یہ بھی یقینی بنائیں کہ ان کا CNIC/پاسپورٹ نمبر آپ کے پارٹیسپنٹ/انویسٹرا کاؤنٹ سروسز ( بصورت آپ کی شیئر ہولڈنگ بک انٹری صورت میں ہے) یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ (بصورت مادی شیئر ہولڈنگ) کے ذریعے درج کرائے گئے ہیں۔

## 13۔لازمی معلومات-(ای میل، CNIC، IBAN اور زکوٰۃ ڈیکلیریشن)

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور ریگولیشن 19 کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی لازمی معلومات جیسے کہ CNIC نمبر، اپ ڈیٹ شدہ میلنگ ایڈریس، ای میل، رابطہ موبائل/ٹیلی فون نمبر اور بین الاقوامی بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اپنے CNIC کی ایک کاپی کے ساتھ ہمارے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کرنے اور قانون کی عدم تعمیل سے بچنے کے لیے فوری طور پر فراہم کریں، بصورت دیگر تمام ڈیویڈنڈز کمپنیز (ڈیویڈنڈز کی تقسیم) ریگولیشنز 2017 کے ضابطے 6 کے مطابق روک لیا جائے گا۔

ممبران سے درخواست ہے کہ زکوٰۃ وعشر آرڈیننس 1980 کے مطابق ڈیکلیریشن (CZ-50) جمع کروائیں تا کہ زکوٰۃ سے استثنیٰ بروکر/CDC (سی ڈی ایس شیئر ہولڈر کی صورت میں) اور کمپنی کے شیئر رجسٹرار (فزیکل شیئر ہولڈر کی صورت میں) کو جمع کرایا جائے، پھر ڈیویڈنڈ استحقاق رجسٹر میں اس کی زکوٰۃ کی حیثیت مسلم زکوٰۃ قابل ادائیگی کے طور پر پائی جاسکتی ہے، اور کمپنی کو اس کے نقد منافع منقسمہ کی مجموعی رقم سے ہر شیئر کی اصل قیمت کے 2.5% پر زکوٰۃ کی لازمی کٹوتی کرنے پر پابند کیا جائے گا۔

## کمپنی ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

بیان ہذا بروز ہفتہ 27 جنوری 2024ء بوقت 15:00 بجے رجسٹر دفتر، 1-D-2، گلبرگ III، لاہور میں اور الیکٹرونیکلی وڈیو لنک/زوم ایپلی کیشن کے ذریعے منعقد ہونے والے **بابا فرید شوگر ملز لمیٹڈ** کے 45 واں سالانہ اجلاس عام میں سرانجام دیء جانے والے خصوصی امور اور ڈائریکٹرز کے انتخابات سے متعلق مادی حقائق کا تعین کرتا ہے۔

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت بیان

سال کے دوران شریک کمپنی کے ساتھ تمام لین دین کیا گیا، چنانچہ، یہ لین دین کمپنی کے حصص یافتگان کے رُوبرو ان کی منظوری کے لئے رکھا گیا ہے۔

## a) AGM نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 5: متعلقہ پارٹی (شریک کمپنیز) لین دین کی توثیق اور منظوری:

کمپنی نو بہار بوٹلنگ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ، تھل انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ اور المعز انڈسٹریز لمیٹڈ کے ساتھ یکم اکتوبر 2022 سے شروع 30 ستمبر 2023ء کو ختم ہونے والی مدت تک کاروبار کے عام معمول کے مطابق سامان کی فروخت اور خریداری کا لین دین کرے گی۔ کمپنیوں کے مابین قیمتوں، شرائط وضوابط اتفاق رائے سے کمپنی کی متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشن پالیسی کے تحت قابل رسائی بنیاد پر ہیں۔ کمپنی کے ڈائریکٹرز مشترکہ ڈائریکٹرشپ کے سوائے، براہ راست یا بالواسطہ کوئی دلچسپی نہیں رکھتے ہیں۔ تمام معاون دستاویزات کے ہمراہ تمام لین دین کی تفصیلات پر مشتمل ریکارڈ قانونی تقاضوں کے مطابق برقرار رکھا گیا ہے اور کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں دستیاب ہے۔

قابل اطلاق قیمت پالیسی سمیت لین دین کی نوعیت اور مقدار کے بارے میں تفصیل ذیل میں دی گئی ہے:

| نام | لین دین کی نوعیت | رقم (پاکستانی روپے) |
|---|---|---|
| نو بہار بوٹلنگ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ | شوگر کی فروخت | 324,000,000 |
| | اداشدہ\موصول\ایڈجسٹمنٹ (خالص) | 324,000,000 |
| تھل انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ | سٹور اشیاء کی فروخت | 7,371,000 |
| | خریداری-سٹور اشیاء | 2,451,200 |
| | اداشدہ\موصول\ایڈجسٹمنٹ (خالص) | 4,919,800 |
| المعز انڈسٹریز لمیٹڈ | اسکریپ کی فروخت | 35,989,446 |
| | اداشدہ\موصول\ایڈجسٹمنٹ (خالص) | 1,659,242 |
| | خریداری-سٹور اشیاء | 34,129,377 |
| | خریداری-دیگر اشیاء | 200,827 |

ڈائریکٹرز مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور/ یا مشترکہ ڈائریکٹر کے درمیان تعلق کی وجہ سے متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشن میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ بابا فرید شوگر ملز لمیٹڈ کے ساتھ المعز انڈسٹریز لمیٹڈ، دی تھل انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ اور نوبہار بوٹلنگ کمپنی (پرائیویٹ) میں مندرجہ ذیل مشترکہ ڈائریکٹر بالترتیب ہیں۔

i) جناب محمد شمیم خان
ii) محترمہ قیصر شمیم خان
iii) جناب عدنان احمد خان
iv) جناب نعمان احمد خان
v) محترمہ سارہ ہاجرہ خان

کمپنی اگلے سالانہ اجلاس عام تک کاروبار کے عام معمول میں متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین جاری رکھے گی۔ ایسے متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کی نوعیت اور اسکوپ کی متعلقہ ایجنڈا آئٹم کے بیان میں وضاحت کی گئی ہے۔ لہذا، متعلقہ فریقوں کے ساتھ اس طرح کے لین دین کو حصص یافتگان کو منظور کرنا ہے۔ حصص یافتگان اگلے سالانہ اجلاس عام تک چیف ایگزیکٹو یا اس کے نامزد کردہ شخص کو اس طرح کے لین دین کی منظوری دینے کا اختیار دے سکتے ہیں۔

### b) بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 30 ستمبر، 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ پارٹی لین دین کی منظوری کی اجازت

کمپنی 30 ستمبر 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران این بی سی، ٹی آئی سی ایل اور اے آئی ایل کے ساتھ سامان کی خرید و فروخت اور اس کے علاوہ عام طور پر کاروبار کے سلسلے میں متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کے سلسلے میں منظور شدہ پالیسی کے مطابق قابل رسائی قیمتوں کی بنیاد پر لین دین کرے گی اور لہذا، این بی سی، ٹی آئی سی ایل اور اے آئی ایل کے ساتھ مستقبل میں ہونے والے تمام لین دین کو سہ ماہی بنیاد پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے منظور کیا جائے گا۔ مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور/ یا این بی سی، ٹی آئی سی ایل اور اے آئی ایل کے ڈائریکٹرز کے ساتھ تعلقات کی وجہ سے سات میں سے پانچ ڈائریکٹرز کے مفادات/ خدشات پر غور کرتے ہوئے، مالی سال 2023 کے متعلقہ فریقوں کے لین دین کو شیئر ہولڈرز کے رُوبرو رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔

کمپنی اگلے سالانہ اجلاس عام تک کاروبار کے عام معمول میں متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین جاری رکھے گی۔ ایسے متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کی نوعیت اور اسکوپ کی متعلقہ ایجنڈا آئٹم کے بیان میں وضاحت کی گئی ہے۔ لہذا، متعلقہ فریقوں کے ساتھ اس طرح کے لین دین کو حصص یافتگان کو منظور کرنا ہوگا۔ حصص یافتگان اگلے سالانہ اجلاس عام تک چیف ایگزیکٹو یا اس کے نامزد کردہ شخص کو اس طرح کے لین دین کی منظوری دینے کا اختیار دے سکتے ہیں۔

### c) AGM نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 6: QR کوڈ اور Weblink کے ذریعے سالانہ نظر ثانی شدہ اکاؤنٹس کی ترسیل۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے S.R.O No.389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے مندرج کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ نظر ثانی شدہ مالیاتی گوشوارے اپنے ممبران کو CD / DVD / USB کے ذریعے بھیجنے کی بجائے QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بھیجیں۔ کمپنی سالانہ نظر ثانی شدہ مالیاتی گوشواروں کو ای میل ایڈریس کے ذریعے ترسیل کرے گی اگر یہ ممبر کی طرف سے کمپنی کو فراہم کر دی گئی ہے، اور مطالبہ پر، باضابطہ طور پر مکمل شدہ درخواست فارم کی وصولی پر حصص یافتگان کو سالانہ نظر ثانی شدہ مالی گوشواروں کی ہارڈ کاپیاں مفت فراہم کرے گی، جو کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www bfsml. com سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

### d) کمپنی کی سالانہ رپورٹ کی ترسیل سے متعلق تمام متعلقہ کام سرانجام دینے کی اجازت۔

کمپنی قوانین، ضوابط، نوٹیفیکیشنز کی متعلقہ اور قابل اطلاق شقوں میں نرمی کے تحت QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اور شیئر ہولڈرز کے دستیاب ای میل ایڈریس کے ذریعے کمپنی کے سالانہ اکاؤنٹس/ سالانہ رپورٹ کو منتقل کر رہی ہے اور کرے گی اور اس لیے تمام عمل اور طریقہ کار کمپنی کے ذمہ دار افسران کے سپرد کیا جانا چاہیے، اس لیے حصص یافتگان کی منظوری درکار ہے تاکہ چیف ایگزیکٹو آفیسر یا اس کے نامزد کردہ کو اختیار دیا جا سکے اور الگ الگ تمام قانونی، ریگولیٹری، تجویز کردہ اور مطلع شدہ رسمی کارروائیوں کو مکمل کیا جا سکے۔ جو کہ مندرجہ بالا قراردادوں کو حقیقی معنوں میں نافذ کرنے کے مقصد کے تقاضے جن کی کارروائیوں کو شیئر ہولڈرز کے ذریعہ منظور شدہ سمجھا جائے گا۔ خصوصی امور کی نوعیت اور دائرہ کار متعلقہ ایجنڈا آئٹم کے بیان میں اوپر بیان کیا گیا ہے۔

ان خصوصی قراردادوں میں، مذکورہ بالا کے سوائے ڈائریکٹرز کی کوئی خاص دلچسپی نہیں ہے۔

........................................XXX..............................................